© rasailojaraid.com

تبصرے

مجلات ورسائل کے خاص نمبر[1]

نشان منزل بھوپال کا خاص نمبر۔ اڈیٹر جناب غضنفر علی اور مرتب جناب حبیب ریحان صاحب ندوی۔ تقطیع اخبار سائز۔ ضخامت ۱۱۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت ۵۰/۱ روپے پتہ :- تاج المساجد بھوپال۔

"نشان منزل" ایک سنجیدہ اور وقیع دینی، اصلاحی اور تبلیغی دو ہفتہ مجلہ ہے۔ اس کا یہ خاص نمبر حضرت شاہ محمد یعقوب صاحب مجددی رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار رہیگا ہے حضرت شاہ صاحب اس دور کے اکابر صوفیا و مشائخ طریقت میں سے تھے۔ آپ کے سرچشمۂ فیض و برکت سے ہر طبقہ اور ہر مذہب وملت کے ہزاروں انسانوں نے اپنے ظرف اور حوصلہ کے مطابق استفادہ کیا اور اپنے درد کا درماں پایا۔ آپ کے ملفوظات الفرقان لکھنؤ سے کتابی شکل میں شائع ہو چکے ہیں اس نمبر میں پہلے فاضل مرتب نے مختصر سوانح عمری بیان کرنے کے بعد تاریخ تجدید و اصلاح کے پس منظر کے ساتھ جناب موصوف کے فضائل و کمالات اور دینی خدمات پر ایک سیر حاصل اور بصیرت افروز مقالہ لکھا ہے۔ اس کے بعد مختلف حضرات نے نثر و نظم میں آپ کی خدمت میں عقیدت وارادت کے پھولوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ جن میں انھوں نے اپنے بعض چشم دید واقعات اور قلبی تاثرات واحساسات

---

[1] غالب صدی تقریبات کے سلسلہ میں ہندو پاکستان سے جو کتابیں، اور رسالوں کے خاص نمبر وصول ہوئے ہیں ان سے ایک الماری بھری ہوئی ہے سب پر تبصرہ تو ناممکن ہے البتہ ارادہ ہے کہ اگر فرصت ملی تو چار قسطوں میں ان سب کا یکجائی تعارف کرا دیا جائے گا۔ یہ حضرات تاخیر کو معاف فرمائیں۔

© rasailojaraid.com